## آٹا اور چینی کے حصول کے دوران جاں بحق ہونے والے تمام معصوم شہریوں کا خون ذخیرہ اندوزوں کی گردن پر ہے چاہے وہ حکومت میں ہوں یا اپوزیشن میں ہوں۔ الطاف حسین

## اگر حکومت نے ذخیرہ اندوزوں کے خلاف فی الفور کارروائی کرکے آٹے اور چینی کا مصنوعی بحران ختم نہ کیا تو عوام ذخیرہ اندوزوں کا کڑا احتساب کرنے پر مجبو ہوں گے خواہ ان کا تعلق حکومت سے ہو یا اپوزیشن سے ہو

## کھوڑی گارڈن کراچی میں مفت راشن کی تقسیم کے دوران بھگدڑ مچنے کے نتیجے میں خواتین سمیت 18 افراد کے جاں بحق اور زخمی ہونے پر اظہار افسوس

لندن۔۔۔14 ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کراچی کے علاقے کھوڑی گارڈن میں مفت آٹے اور چینی کی تقسیم کے دوران بھگدڑ مچنے کے نتیجے میں خواتین سمیت 18 افراد کے جاں بحق اور زخمی ہونے پر دلی افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ کھوڑی گارڈن کراچی ، لاہور، سرگودھا اور ملک کے مختلف شہروں میں آٹا اور چینی کے حصول کے دوران جاں بحق ہونے والے تمام معصوم شہریوں کا خون ذخیرہ اندوزوں کی گردن پر ہے چاہے وہ حکومت میں ہوں یا اپوزیشن میں ہوں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ پاکستان ایک زرعی ملک ہے لیکن یہ امر انتہائی افسوسناک ہے کہ حکومت اور اپوزیشن سے تعلق رکھنے والے شوگر اور فلور ملز مالکان اپنے مالی فائدے کیلئے ذخیرہ اندوزی کررہے ہیں جسکے نتیجے میں ملک کے عوام آج آٹے اور چینی جیسی بنیادی چیزوں تک سے محروم ہیں، ملک کی غریب ماؤں، بہنوں اور بزرگوں کو آٹے اور چینی کیلئے نہ صرف ذلیل ورسوا کیا جارہا ہے، ان پر لاٹھیاں برسائی جارہی ہیں، غریب عوام اپنی جانوں تک سے گزر رہے ہیں اور یہ صورتحال ایک زرعی ملک کی پیشانی پر بدنما داغ ہے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ذخیرہ اندوزی کرنے والے عناصر انسان کہلانے کے مستحق نہیں ہیں خواہ ان کا تعلق حکومت سے ہو یا وہ اپوزیشن میں ہوں۔ انہوں نے کہا کہ یہ حالات ملک کے عوام کو مجبور کررہے ہیں کہ وہ ان مظالم سے نجات کیلئے میدان عمل میں آجائیں۔ جناب الطاف حسین نے حکومت کو خبردار کرتے ہوئے کہا کہ ذخیرہ اندوزی کرکے ملک میں آٹے اور چینی کا جو مصنوعی بحران پیدا کیا گیا ہے اور عوام پر جو ظلم کیا جارہا ہے اگر حکومت نے اس کا فوری نوٹس نہ لیا اور ذخیرہ اندوزوں کے خلاف فی الفور کارروائی کرکے آٹے اور چینی کا مصنوعی بحران ختم نہ کیا تو پورے ملک کے عوام ذخیرہ اندوزوں کا کڑا احتساب کرنے پر مجبو ہوں گے خواہ ان ذخیرہ اندوزوں کا تعلق حکومت سے ہو یا اپوزیشن سے ہو۔ جناب الطاف حسین نے کراچی ، لاہور، سرگودھا اور ملک کے مختلف شہروں میں آٹے اور چینی کے حصول کی کوششوں کے دوران جاں بحق ہونے والے افراد کے لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کا ایک ایک کارکن ان کے غم میں برابر کا شریک ہے اور ہم دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق ہونے والے افراد کو اپنی جوار رحمت میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔

## سانحہ کھوڑی گارڈن کے ذمہ دار ذخیرہ اندوزی کرنے والے جاگیردار اور وڈیرے ہیں، الطاف حسین

## ذخیرہ اندوزی کرنے والوں نے اپنا طرز عمل تبدیل نہ کیا تو ایم کیوایم عوامی کال دینے پر مجبور ہوگی

## ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام میں خاموش انقلاب جنم لے رہا ہے

## ایم کیوایم عوام کو بنیادی اشیاء سے محروم رکھنے والے افراد کا کڑا احتساب کرے گی

## سانحہ کھوڑی گارڈن کے حوالہ سے مختلف ٹی وی چینلز سے خصوصی گفتگو

کراچی۔۔۔(مانیٹرنگ ڈیسک)

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کھوڑی گارڈن میں مفت آٹے کی تقسیم کے دوران بھگدڑ کے باعث متعدد خواتین اور بچوں کے جاں بحق ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے ذخیرہ اندوزی کرنے والے جاگیرداروں اور وڈیروں کو اس سانحہ کا ذمہ دار قرار دیتے ہوئے کہا کہ اگر ذخیرہ اندوزی کرنے والوں نے اپنا طرز عمل تبدیل نہ کیا تو ایم کیوایم عوام کو مسائل سے نجات دلانے کیلئے کال دینے پر مجبور ہوگی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مختلف ٹی وی چینلوں سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ کھوڑی گارڈن کے سانحہ کی بنیادی وجہ حکومت اور اپوزیشن میں شامل جاگیردار اور وڈیرے ہیں جن کی کئی کئی ملیں اور بڑی بڑی جائیدادیں ہیں

،جنہوں نے اپنے مالی مفادات کیلئے آٹے اورچینی کی ذخیرہ اندوزی کرکے غریب عوام کوروزمرہ استعمال کی اشیاء سے محروم رکھا ہوا ہے۔حکومت اوراپوزیشن کے رہنماؤں کومخاطب کرتے ہوئے کہا کہ اگرانہوں نے غریب عوام سے محبت ہے تو وہ اپنے اوراپنے گھر والوں کیلئے ایک یا دو جائیدادرکھیں اور باقی جائیدادغریب عوام کیلئے وقف کر دیں،عوام کی ہمدردی کے دعوے کرنے والے حکومت اوراپوزیشن کے ان رہنماؤں کو چاہئے کہ وہ اپنی ملوں سے آٹااورشکر باہرنکالیں ورنہ اس بحران کا خاتمہ کریں۔ذخیرہ اندوزی کرنے والے حکومت اوراپوزیشن میں شامل جاگیرداروں،وڈیروں اورسرمایہ داروں نے اپناطرزعمل تبدیل نہ کیا تو ملک بھر کے عوام ایم کیوایم کی آواز پر لبیک کہتے ہوئے سڑکوں پر آجائیں گے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ صبر کی ایک حد ہوتی ہے،ملک میں لوٹ مار کا بازار گرم ہے،حکومت واپوزیشن میں شامل بااثر افراد ذخیرہ اندوزی کررہے ہیں۔یہ صورتحال دیکھ کرلوگ کسی اور جانب دیکھ رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ خدارا! جمہوریت کی گاڑی چلنے دواورخوف خدا کرو۔انہوں نے کہا کہ وفاقی وصوبائی حکومت اوراپوزیشن زبانی جمع خرچ بندکرے،میں،آٹے اورچینی کے بحران کاحل چاہتا ہوں بصورت دیگرایم کیوایم اس انسانی مسئلہ پراحتجاج کاحق رکھتی ہے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ حکومت،پاکستان کے عوام کو بے وقوف نہیں بنائے اور ہوش کے ناخن لے۔ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام میں خاموش انقلاب جنم لے رہا ہے،انشاءاللہ ایم کیوایم اس انقلاب کی رہنمائی کرے گی اورنتائج کی پرواہ کئے بغیرعوام کو بنیادی اشیاء سے محروم رکھنے والے افراد کا کڑا احتساب کرے گی۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ میں خودغریب ومتوسط طبقہ سے تعلق رکھتا ہوں اورغریب عوام کا دکھ سمجھ سکتا ہوں۔بااثر مفاد پرست عناصر نے اپنے مالی مفادات کیلئے پورے ملک سے شکراورآٹا غائب کردیا ہے جس کے باعث بزرگ،خواتین اوربچوں کوآٹے کے حصول کیلئے روزے کی حالت میں گھنٹوں قطار میں کھڑا ہونا پڑتا ہے اورآٹا لینے والوں کو پولیس تشدد کا نشانہ بننا پڑتا ہے۔انہوں نے حکومت کومتنبہ کرتے ہوئے کہا کہ اگرذخیرہ اندوزی کرنے والوں کے خلاف کارروائی نہیں کی گئی اورایم کیوایم ذخیرہ اندوزی کرنے والوں کے خلاف عوامی کال دینے پر مجبور ہوئی تو پھرایم کیوایم کومورد الزام نہ ٹھہرایا جائے۔ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ خاموش انقلاب ملک بھر کے عوام کے ذہنوں میں تیار ہورہا ہے اورایم کیوایم عوامی طاقت کے ذریعہ پورے ملک کے عوام کوملاکر پرامن انقلاب لائے گی۔ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم پورے ملک کے تعلیم یافتہ غریب عوام کے دلوں کی دھڑکن بن چکی ہے اور ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کی نگاہیں ایم کیوایم پرلگی ہوئی ہیں اورعوام جان چکے ہیں کہ ایم کیوایم کے لوگ بے ایمان اور کرپٹ نہیں ہیں۔جناب الطاف حسین نے کھوڑی گارڈن کے واقعہ میں جاں بحق ہونے والے افراد کے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس سانحہ پر میرادل خون کے آنسورورہا ہے۔آٹے،چینی اوربجلی کے بحران اورآسمان سے باتیں کرتی مہنگائی نے غریب عوام کا جینا دوبھر کردیا ہے،لاہور،سرگودھا میں آٹے کے حصول کیلئے لائنوں میں کھڑے لوگوں پر پولیس اہلکار لاٹھیاں برسارہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ اگراین جی اوزاورسماجی تنظیمیں ایم کیوایم کی طرح منظّم انداز میں رضاکاروں کوجمع کرکے امدادی اشیاء تقسیم کریں تواس قسم کے سانحات سے محفوظ رہا جاسکتا ہے۔انہوں نے رابطہ کمیٹی کے ارکان کو ہدایت کی کہ وہ ہلاک شدگان کے لواحقین کے غم میں شریک ہوں اورایم کیوایم کی جانب سے ان کی ہرممکن مدد کریں۔انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ کھوڑی گارڈن اورملک کے دیگرشہروں میں ہونے والے افسوسناک واقعات کا نوٹس لیا جائے اوراس کے ذمہ دارذخیرہ اندوزوں کے خلاف سخت ترین کارروائی کی جائے۔

## آٹے کی تقسیم کے دوران خواتین کے جاں بحق ہونے کے واقعہ پرالطاف حسین کا اظہارافسوس

## یہ واقعہ دردمندل رکھنے والے افراد کیلئے گہرے صدمے کا باعث ہے

لندن۔۔۔14،ستمبر2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کراچی کے علاقے کھوڑی گارڈن میں آٹے کی تقسیم کے دوران بھگدڑ کے باعث متعدد خواتین کے جاں بحق اور زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ آٹے کے حصول کیلئے غریب عوام روزے کی حالت میں طویل قطاریں لگانے پر مجبور ہیں جبکہ دوسری جانب گاڑیوں کے پیچھے بھاگ رہے ہیں،انسانوں کی یہ بے توقیری ملک بھر کے عوام کیلئے لمحہ فکریہ ہے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ آٹے کی تقسیم کے دوران رونما ہونے والا یہ دلخراش اورافسوسناک واقعہ دردمند دل رکھنے والے افراد کیلئے گہرے صدمے کا باعث ہے۔انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ اس واقعہ کی تحقیقات کرائی جائے اوراس قسم کے واقعات کی روک تھام کیلئے مؤثراقدامات کئے جائیں۔جناب الطاف حسین نے جاں بحق ہونے والی خواتین کے تمام سوگواران سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق ہونے والی خواتین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔جناب الطاف حسین نے زخمی خواتین کی جلدومکمل صحت یابی کیلئے بھی دعا کی۔

## ڈاکٹر فاروق ستار انیس احمد قائمخانی، ڈاکٹر صغیر احمد اور رضا ہارون کا حق پرست نمائندوں کے ہمراہ سول اسپتال کا دورہ
## سانحہ کھوڑی گارڈن میں زخمی افراد کی عیادت، جاں بحق افراد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا

کراچی۔۔۔14 ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرز ڈاکٹر محمد فاروق ستار، انیس قائم خانی اور رابطہ کمیٹی کے ارکان ڈاکٹر صغیر احمد اور محمد رضا ہارون نے سول اسپتال کراچی جا کر سانحہ کھوڑی گارڈن کے زخمیوں کی عیادت کی اور جناب الطاف حسین کی جانب سے ان کی خیریت دریافت کی۔ اس موقع پر حق پرست صوبائی وزراء، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی، صدر ٹاؤن کے حق پرست ناظم اور ایم کیو ایم کے کارکنان بھی موجود تھے۔ رابطہ کمیٹی کے ارکان نے زخمیوں کی خیریت دریافت کی اور اسپتال کی انتظامیہ کو ہدایت کی وہ زخمیوں کے علاج معالجے میں کوئی کسر باقی نہ رکھیں۔ رابطہ کمیٹی کے ارکان نے اس المناک سانحہ میں جاں بحق ہونے والے افراد کے سوگوار لواحقین سے بھی ملاقات کی اور ان سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا۔

## عوام اور مخیرّ حضرات رمضان المبارک میں اپنے عطیات خدمت خلق فاؤنڈیشن کو دیں، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔14، ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے عوام بالخصوص مخیرّ حضرات کے اپیل کی ہے کہ وہ دکھی انسانیت کی بلا امتیاز وتفریق خدمت کیلئے رمضان المبارک میں زکوٰۃ، فطرہ، صدقہ اور دیگر عطیات خدمت خلق فاؤنڈیشن کو دیں۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن بلاتفریق دکھی انسانیت کی بلا امتیاز رنگ ونسل، زبان، مسلک اور مذہب عملی خدمت میں مصروف ہے رابطہ کمیٹی نے کہا کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت نذیر حسین میڈیکل سینٹر واسپتال، خورشید بیگم میڈیکل سینٹر واسپتال پاک کالونی کے علاوہ شہر کے دیگر علاقوں میں قائم خورشید بیگم میموریل ڈسپنسریاں عوام کو سستے علاج ومعالجے کی سہولیات فراہم کررہی ہیں جبکہ اس ادارے کے تحت مخصوص مہینوں میں پولیو اور ہیپا ٹائٹس کے امراض کے خاتمے کیلئے باقاعدگی سے مہم چلائی جاتی ہے اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت میت بس اور ایمبولینس سروس کی سہولیات بھی عوام کو میسر ہیں۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن ملک بھر میں زلزلہ، سیلاب، قحط سالی، خشک سالی اور وبائی امراض سے متاثرہ افراد کی ہر ممکن اور ہنگامی امداد کرتی ہے، آزاد کشمیر یا ایران کے شہر بام کا زلزلہ ہو خدمت خلق فاؤنڈیشن اپنی بساط کے مطابق دکھی انسانیت کی خدمت پر یقین کررہی ہے۔ رابطہ کمیٹی نے حق پرست عوام اور بالخصوص مخیرّ حضرات سے اپیل کی کہ وہ رمضان المبارک میں زکوٰۃ، فطرہ، صدقہ اور دیگر عطیات خدمت فاؤنڈیشن کو دیں تاکہ دکھی انسانیت کی خدمت کے دائرہ کار کو ملک بھر میں وسعت دی جاسکے۔

## تمام صوبوں کو مکمل صوبائی خودمختاری دیئے بغیر مضبوط وفاق کا تصور قائم نہیں ہوسکتا، ارکان قومی اسمبلی
## وزیراعظم یوسف رضا گیلانی کی جانب سے کنکرنٹ لسٹ کے خاتمے کے اعلان کا خیر مقدم

کراچی۔۔۔14، ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے وزیراعظم یوسف رضا گیلانی کے اس بیان کا خیر مقدم کیا ہے جس میں انہوں نے کہا ہے کہ کنکرنٹ لسٹ کا خاتمہ کیا جائے گا۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ وسائل واختیارات کی غیر منصفانہ تقسیم کے باعث صوبوں میں احساس محرومی پایا جاتا ہے اور ملک میں ایک قوم کا تصور کمزور سے کمزور تر ہورہا ہے۔ پاکستان میں لسانی وثقافتی شناخت کے بجائے پاکستانی شناخت کو مضبوط کرنے کیلئے لازمی ہے کہ کنکرنٹ لسٹ کا جلد از جلد خاتمہ کیا جائے اور تمام صوبوں کو مکمل صوبائی خود مختاری دی جائے۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ وقت کا تقاضا ہے کہ کنکرنٹ لسٹ کا خاتمہ کیا جائے، تمام صوبوں کو مکمل صوبائی خودمختاری دی جائے، وفاق اپنے پاس کرنسی، دفاع، خارجہ اور خزانہ کے محکمے رکھ کر باقی تمام صوبوں کو منتقل کئے جائیں۔

## کورٹ لکھپت میں مسجد کی بے حرمتی پر ن لیگی رہنما کے بھائی کو گرفتار کیا جائے، اراکین سندھ اسمبلی

کراچی۔۔۔14، ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین سندھ اسمبلی نے کورٹ لکھپت میں واقع حضوری مسجد میں مسلم لیگ (ن) کے رہنما رمضان بھٹی کے بھائی کی فائرنگ اور ہنگامہ آرائی پر

شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) غنڈہ عناصر پر مشتمل ہے اوراس کا اصل چہرہ عوام کے سامنے بے نقاب ہوگیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ ن لیگی رہنما کریڈٹ کارڈ کی چوری، کسٹم کے عملے سے بدمعاشی، کالج پرنسپل اوراسٹاف پر تشدد، خاتون سے زنا کاری، تعلیمی فراڈ اور چینی کے بحران سمیت متعدد عوام دشمن اقدامات میں ملوث تو ہیں مگراب مسلم لیگ نواز گروپ کے ارکان اسمبلی اوران کے رشتہ داروں کی بدمعاشی اورغنڈہ گردی اس انتہاء کو پہنچ چکی ہے کہ ان کے شر سے مساجد بھی عدم تحفظ کا شکار ہیں۔حق پرست اراکین سندھ اسمبلی نے صدر آصف علی زرداری اور وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا ہے کہ پنجاب میں مسجد پر فائرنگ کرنے اور شہریوں کوتشدد کا نشانہ بنانے کے واقعات کا نوٹس لیا جائے اور سماج دشمن سرگرمیوں میں ملوث مسلم لیگ (ن) کے ارکان اوران کے رشتہ داروں کو قانون کے مطابق سزا دی جائے۔

## ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی اسپنسر آئی اسپتال کے رکن اورگڈاپ سیکٹر کے کارکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔14،ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی اسپنسر آئی اسپتال یونٹ کمیٹی کے رکن محمد نعیم کے بھائی محمد سلیم اورایم کیوایم گڈاپ سیکٹر یونٹ سونگل کے کارکن اصغر مینگل کی والدہ محترمہ عائشہ کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم اورنگی یونٹ 126 کے کمیٹی رکن عبدالمنان کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔14/ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کی اورنگی ٹاؤن یونٹ 126 کی کمیٹی کے رکن عبدالمنان کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کا شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ عبدالمنان مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے اورسوگواران صبر جمیل دے۔(آمین)

## ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن کی یونٹ یونٹ کمیٹی کے رکن عبدالمنان دل کا دورہ پڑنے کے باعث انتقال کرگئے
## مرحوم کی نماز جنازہ اورتدفین میں حق پرست عوامی نمائندوں اورکارکنوں کی شرکت

کراچی۔۔۔14/ستمبر 2009ء

ایم کیوایم کی اورنگی ٹاؤن یونٹ 126 کی کمیٹی کے رکن عبدالمنان ولد غلام نبی دل کا دورہ پڑنے کے باعث انتقال کرگئے (انا اللہ وانا الیہ راجعون)۔مرحوم کی عمر 40 سال تھی اوروہ شادی شدہ تھے۔مرحوم کے پسماندگان میں بیوہ اور پانچ بچے شامل ہیں۔مرحوم کا شمار ایم کیوایم کے سرگرم کارکنان میں ہوتا تھا اوروہ قائد تحریک جناب الطاف حسین سے والہانہ عقیدت ومحبت رکھتے تھے۔دریں اثناء عبدالمنان مرحوم کو آہوں اورسسکیوں کے درمیان سپرد خاک کردیا گیا، نماز جنازہ اورتدفین میں حق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی، اورنگی ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم، نائب ناظم، یوسی ناظمین، کونسلرز، ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن کی سیکٹر کمیٹی کے ارکان، علاقائی ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اورمرحوم کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔علاوہ ازیں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن یونٹ 126 کی یونٹ کمیٹی کے رکن عبدالمنان کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا جبکہ ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن کیف الوریٰ نے مرحوم کی رہائشگاہ جاکر سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت کی وہ کچھ دیر تک سوگوارلواحقین کے ساتھ رہے اورانہوں نے مرحوم کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی۔

☆☆☆☆☆